سوال

(681) دل میں نذرمانی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک سال پہلے میں ایک بہت ہی مشکل میں بتلا تھا اور میں نے دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کیا کہ اگر یہ مشکل ختم ہوگئی تو میں سارا قرآن مجید زبانی حفظ کروں گا۔ الحمدللہ! یہ مشکل بہت احسن انداز میں ختم ہوگئی اور میں نے قرآن مجید حفظ کرنا شروع کر دیا اور صرف دو پارے یاد کر سکا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ میں سارا قرآن حفظ نہیں کر سکوں گا جب کہ میں نے اس کا اللہ تعالیٰ سے عہد کر رکھا ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اگر میں قرآن مجید حفظ نہ کر سکوں تو کیا مجھ پر کوئی چیز لازم ہوگی جبکہ معلوم ہے کہ جو عہد کو پورا نہ کرے 'اس کا دین ہی نہیں ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ معاملہ چونکہ آپ کے اور آپ کے دل کے درمیان تھا' لہٰذا اسے اس نذر کا حکم نہیں دیا جا سکتا جسے پورا کرنا لازم ہوتا ہے لیکن ہم آپ کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ اب جبکہ آپ نے قرآن مجید حفظ کرنا شروع کر دیا ہے تو اسے مکمل کرنے کی کوشش کریں بھرپور محنت کریں بار بار پڑھیں اور حفظ کیلئے کافی وقت مخصوص کر دیں۔ جو شخص محنت کرتا ہے وہ پا لیتا ہے جو بوتا ہے وہ کاٹتا ہے اور جو راستے پر چلتا ہے وہ منزل مقصود تک پہنچ جاتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج3ص544

محدث فتویٰ